ویکسین سے متعلق معلومات کا بیان

Many Vaccine Information Statements are available in Urdu and other languages. See www.immunize.org/vis

ٹیکے کی معلومات کے بہت سارے بیانات اردو اور دوسری زبانوں میں دستیاب ہیں۔ کریں مالحظہ www.immunize.org/vis

# COVID-19 کی ویکسین: آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

## 1. ویکسین کیوں لگوائیں؟

**COVID-19** کی ویکسین **COVID-19** کی بیماری سے بچا سکتی ہے۔ اگر آپ بیمار ہو جاتے ہیں تو ویکسینیشن COVID-19 بیماری کی شدت کو کم کرنے میں مدد کر سکتی ہے۔

SARS-CoV-2 نامی کورونا وائرس کی وجہ سے COVID-19 ہوتا ہے جو ایک شخص سے دوسرے شخص میں آسانی سے پھیلتا ہے۔ COVID-19 ہلکی سے درمیانی بیماری کا سبب بن سکتا ہے جو صرف چند دنوں تک جاری رہتا ہے، یا شدید بیماری جس میں ہسپتال میں داخل ہونا، انتہائی نگہداشت، یا سانس لینے میں مدد کے لیے وینٹی لیٹر کی ضرورت ہوتی ہے۔ COVID-19 موت کا سبب بن سکتا ہے۔

اگر کسی متاثرہ شخص میں علامات ہیں، تو وہ وائرس کی زد میں آنے کے 2 سے 14 دن بعد ظاہر ہو سکتی ہیں۔ کسی کو بھی ہلکی سے شدید علامات ہو سکتی ہیں۔

- ممکنہ علامات میں بخار یا سردی لگنا، کھانسی، سانس کم آنا یا سانس لینے میں دشواری، تھکاوٹ (تھکان)، پٹھوں یا جسم میں درد، سر درد، ذائقہ یا بو سے تازہ تازہ محرومی، گلے میں خراش، سینے کی جکڑن یا ناک بہنا، متلی یا الٹی، یا اسہال شامل ہیں۔
- زیادہ سنگین علامات میں سانس لینے میں دشواری، سینے میں مسلسل درد یا دباؤ، نئی نئی الجھن، جاگنے یا جاگتے رہنے میں ناکامی، یا جلد کی رنگت کے لحاظ سے پیلی، سرمئی، یا نیلے رنگ کی جلد، ہونٹ، یا ناخون کی جڑیں شامل ہو سکتے ہیں۔

بزرگ افراد اور کچھ بنیادی طبی حالات (جیسے دل یا پھیپھڑوں کی بیماری یا ذیابیطس) والے لوگوں کا COVID-19 سے بیمار ہونے کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔

## 2. COVID-19 کی ویکسین

تجدید کردہ (2023–2024 فارمولا) COVID-19 ویکسین 6 ماہ یا اس سے زیادہ عمر کے ہر فرد کے لیے تجویز کی جاتی ہے۔

نوزائیدہ اور 6 ماہ سے 11 سال تک کے بچوں کے لیے COVID-19 ویکسین امریکی فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (Food and Drug Administration, FDA) کی جانب سے ہنگامی استعمال کی اجازت کے تحت دستیاب ہیں۔ مزید معلومات کے لیے براہِ کرم وصول کنندگان اور نگہداشت کنندگان کے حقائق ناموں سے رجوع کریں۔

12 سال یا اس سے زیادہ عمر کے لوگوں کے لیے، ModernaTX, Inc. یا Pfizer, Inc. کی جانب سے تیار کردہ تازہ ترین COVID-19 ویکسین۔ FDA سے منظور شدہ ہیں۔

- **12 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہر فرد کو** FDA سے منظور شدہ، تجدید کردہ 2023–2024 COVID-19 ویکسین کی 1 خوراک ملنی چاہیے۔ اگر آپ نے حال ہی میں COVID-19 ویکسین حاصل کی ہے، تو آپ کو تازہ ترین 2023-2024 COVID-19 ویکسین حاصل کرنے کے لیے اپنی تازہ ترین خوراک کے بعد کم از کم 8 ہفتے انتظار کرنا چاہیے۔
- **کچھ لوگ جن میں طبی حالات ہیں یا جو ایسی دوائیں لے رہے ہیں جو مدافعتی نظام کو متاثر کرتی ہیں** کو COVID-19 ویکسین کی اضافی خوراکیں مل سکتی ہیں۔ آپ کا نگہداشتِ صحت کی خدمات فراہم کرنے والا آپ کو مشورہ دے سکتا ہے۔

12 سال یا اس سے زیادہ عمر کے کچھ لوگوں کو اس کی بجائے ایک مختلف COVID-19 ویکسین لگ سکتی ہے جیسے Novavax COVID-19 ویکسین، جسے ایڈجوانٹڈ (2023–2024 فارمولا) کہا جاتا ہے۔ یہ ویکسین FDA سے ہنگامی استعمال کی اجازت کے تحت دستیاب ہے۔ مزید معلومات کے لیے براہِ کرم وصول کنندگان اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے حقائق ناموں سے رجوع کریں۔

## 3. اپنے نگہداشتِ صحت کی خدمات فراہم کنندہ سے بات کریں

اپنے ویکسین فراہم کنندہ کو بتائیں اگر ویکسین لینے والے فرد کو:

- COVID-19 ویکسین کی **پچھلی خوراک یا COVID-19 ویکسین میں کسی جزو کے بعد الرجی زا ردِعمل ہوا ہو** یا کوئی **شدید جان لیوا الرجی ہو**
- **مایوکارڈائٹس** (دل کے پٹھوں کی سوزش) یا **پیریکارڈائٹس** (دل کے بیرونی استر کی سوزش) ہوئی ہو
- **ملٹی سسٹم انفلیمیٹری سنڈروم** ہوا ہو (بچوں میں MIS-C اور بالغوں میں MIS-A کہلاتا ہے)
- **مدافعتی نظام کمزور ہے**

بعض معاملات میں، آپ کا نگہداشتِ صحت کی خدمات فراہم کنندہ مستقبل کی کسی ملاقات تک COVID-19 ویکسینیشن کو ملتوی کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔

نزلے جیسی معمولی بیماریوں میں مبتلا افراد کو، ویکسین لگائی جا سکتی ہے۔ جو لوگ درمیانے یا شدید بیمار ہیں انہیں عام طور پر صحت یاب ہونے تک انتظار کرنا چاہیے۔ موجودہ COVID-19 انفیکشن والے لوگوں کو ویکسین لگوانے کا انتظار کرنا چاہیے جب تک کہ وہ اپنی بیماری سے صحت یاب نہ ہو جائیں اور تنہائی میں رہنا بند نہ کر دیں۔

U.S. Department of Health and Human Services
Centers for Disease Control and Prevention

COVID-19 والی حاملہ خواتین میں شدید بیماری کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ COVID-19 ویکسینیشن ان خواتین کے لیے تجویز کی جاتی ہے جو حاملہ ہیں، دودھ پلا رہی ہیں، یا ابھی حاملہ ہونے کی کوشش کر رہی ہیں، یا جو مستقبل میں حاملہ ہو سکتی ہیں۔

COVID-19 ویکسین دوسری ویکسین کے ساتھ بیک وقت دی جا سکتی ہے۔

## 4. ویکسین کے ردِعمل کے خطرات

- جہاں ٹیکہ لگایا گیا ہے وہاں درد، سوجن، یا لالی، بخار، تھکاوٹ (تھکان)، سر درد، سردی لگنا، پٹھوں میں درد، جوڑوں کا درد، متلی، الٹی، اور سوجن لمف نوڈس COVID-19 ویکسینیشن کے بعد ہو سکتے ہیں۔
- مایوکارڈائٹس (دل کے پٹھوں کی سوزش) یا پیریکارڈائٹس (دل کے بیرونی استر کی سوزش) COVID-19 ویکسینیشن کے بعد شاذ و نادر ہی دیکھے گئے ہیں۔ یہ خطرہ عام طور پر 12 سے 39 سال کی عمر کے مردوں میں دیکھا گیا ہے۔ ایسا ہونے کا امکان کم ہے۔

لوگ بعض اوقات طبی طریقۂ کار، بشمول ویکسینیشن کے بعد بیہوش ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ کو چکر آ رہے ہیں یا آپ کی بصارت میں تبدیلی آئی ہے یا کانوں میں گھنٹیاں بج رہی ہیں تو اپنے فراہم کنندہ کو بتائیں۔

کسی بھی دوا کی طرح، ویکسین کے شدید الرجی زا ردِعمل، دیگر سنگین چوٹ، یا موت کا باعث بننے کا بہت کم امکان ہوتا ہے۔

## 5. اگر کوئی سنگین مسئلہ ہو تو کیا ہو گا؟

ویکسین لگائے گئے شخص کے کلینک سے نکلنے کے بعد الرجی زا ردِعمل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کو شدید الرجیائی ردِعمل کی علامات نظر آتی ہیں (ددوڑے، چہرے اور گلے میں سوجن، سانس لینے میں دشواری، دل کی تیز دھڑکن، چکر آنا، یا کمزوری)، تو **9-1-1** پر کال کریں اور اس شخص کو قریبی ہسپتال لے جائیں۔

اگر ویکسینیشن شدہ شخص کو COVID-19 ویکسینیشن کے بعد سینے میں درد، سانس لینے میں تکلیف، یا تیز دھڑکن، دل پھڑپھڑانے، یا دھڑ دھڑات ہوئے دل کے احساسات کا سامنا ہو تو فوراً طبی امداد حاصل کریں۔ یہ مایوکارڈائٹس یا پیریکارڈائٹس کی علامات ہو سکتی ہیں۔

دیگر ایسی علامات، جو آپ کے لیے تشویش کا باعث ہوں، کے لیے اپنے نگہداشتِ صحت کی خدمات فراہم کنندہ کو کال کریں۔

منفی ردِعمل کی اطلاع ویکسین کے ناموافق واقعہ کے رپورٹنگ سسٹم (Vaccine Adverse Event Reporting System, VAERS) کو دی جانی چاہیے۔ آپ کا نگہداشتِ صحت فراہم کنندہ عام طور پر یہ رپورٹ درج کرائے گا، یا آپ خود بھی کرا سکتے ہیں۔ VAERS ویب سائٹ **www.vaers.hhs.gov** ملاحظہ کریں یا **1-800-822-7967** پر کال کریں۔ *VAERS* صرف ردِعمل کی اطلاع دینے کے لیے ہے، اور *VAERS* کے عملے کے اراکین طبی مشورہ نہیں دیتے ہیں۔

## 6. انسدادِ چوٹ سے متعلق معاوضے کا پروگرام

انسدادی چوٹ سے متعلق معاوضے کا پروگرام (Countermeasures Injury Compensation Program, CICP) ایک وفاقی پروگرام ہے جو طبی نگہداشت کے اخراجات اور بعض لوگوں کے دیگر مخصوص اخراجات کی ادائیگی میں مدد کر سکتا ہے جو بعض ادویات یا ویکسین سے شدید زخمی ہوئے ہیں، بشمول یہ ویکسین۔ عام طور پر، ویکسین حاصل کرنے کی تاریخ سے ایک (1) سال کے اندر CICP کو دعویٰ جمع کرانا ضروری ہے۔ اس پروگرام کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، پروگرام کی ویب سائٹ **www.hrsa.gov/cicp** پر جائیں، یا **1-855-266-2427** پر کال کریں۔

## 7. میں مزید کیسے جان سکتا ہوں؟

- اپنے نگہداشتِ صحت فراہم کنندہ سے پوچھیں۔
- اپنے مقامی یا ریاستی محکمۂ صحت کو کال کریں۔
- COVID-19 کا حقائق نامہ، پیکج کے اندراجات، اور اضافی معلومات کے لیے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (Food and Drug Administration, FDA) کی ویب سائٹ **www.fda.gov/vaccines-blood-biologics/industry-biologics/coronavirus-covid-19-cber-regulated-biologics** ملاحظہ کریں۔
- بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے مراکز (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) سے رابطہ کریں:
  - **1-800-232-4636 (1-800-CDC-INFO)** پر کال کریں یا
  - CDC کی COVID-19 ویکسینز کی ویب سائٹ **www.cdc.gov/coronavirus** پر جائیں۔

Urdu translation provided by Immunize.org